# خاندانوں کے لیے آمد و رفت کے بارے میں رہنمائی

طلباء کے لیے نقل و حمل کی جو خدمات دستیاب ہیں وہ ہر بچے کی اہلیت اور ان خدمات کی ضرورت کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ دستیاب انتخابات کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو اپنے اسکول سے بات کریں۔

## آمد و رفت کے طریقے

- MTA سب وے اور نان ایکسپریس بسوں پر استعمال کے لئے آپ کے اسکول کی طرف سے **OMNY کارڈ** تقسیم کیے جاتے ہیں۔
- **اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات** اہل طلباء کو مقررہ بس اسٹاپ سے لیتی اور وہیں چھوڑ کر جاتی ہے۔
- **سڑک کے کنارے سے اسکول بس کی خدمات** طلباء کو ان کے گھر کے نزدیک ترین، محفوظ ترین سڑک کے کنارے سے لیتی ہے۔

## اہلیت

- **طلباء کے OMNY کارڈز اور اسٹاپ سے اسکول بس خدمت** گریڈ اور فاصلے کے تقاضوں کے مطابق؛ بس کی خدمت اضافی معیار کی بنیاد پر دستیاب ہے، جس میں راستے کی لمبائی اور ضلع کی حدود شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، یہ خدمات ان طلباء کو فراہم کی جاتی ہیں جن کا 504 منصوبہ اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات کی تجویز کرتا ہے۔
- **سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس کی خدمات:** یہ خدمات ان طلباء کو فراہم کی جاتی ہیں جن کے انفردی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 منصوبے میں اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات فراہم کرنے کی سفارش کی گئی ہو۔
- **عارضی رہائش گاہ اور فوسٹر کیئر میں رہنے والے طلباء جو اپنے اسکول سے 0.5 میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہیں اور گریڈ K- 6 میں ہیں، یا گریڈ 7 یا 8 میں ہیں اور ان کے پاس IEP ہے:** سب بس کی خدمات کی درخواست کرنے کے اہل ہیں اور ان کے لیے اسٹاپ سے اسکول تک یا سڑک کے کنارے سے اسکول تک کا بس کا روٹ مقرر کیا جائے گا۔ مزید معلومات ذیل میں ہیں۔

## اہلیت سے استثنیٰ

- استثنیٰ کی اقسام یہ ہیں: عارضی طبی، عارضی رہائش، فوسٹر کیئر، مشترکہ تحویل، جرم کا شکار، حفاظتی حکم، اور خطرہ۔
- اِن طلباء کے اہلِ خانہ جو پہلے ہی سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس کی خدمات حاصل کر رہے ہیں، وہ اپنے گھر یا اسکول کے ایک ہی برو میں اسکول کے بعد اپنے گھر کے بجائے کسی مختلف مقام پر چھوڑے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## IEP پر نقل و حمل کی سہولیات

- زیادہ تر طلباء جن کے پاس IEP ہیں، اسکول آمد و رفت کے لیے اسی طریقے سے سفر کرتے ہیں جیسے بغیر IEP والے طلباء کرتے ہیں۔ IEP ٹیم ایسے بچوں کے لیے بس کی خدمات کی تجویز کرسکتی ہے جن کی قلم بند کردہ ضروریات ان کی اسکول سے اور اسکول سے آنے جانے میں سفر کرنے کی اہلیت کو متاثر کرتی ہیں۔ یہ جذباتی، طرزِ عمل، ذہنی یا ابلاغ، اور جسمانی یا طبی ضروریات ہو سکتی ہیں۔
- کچھ بچوں کو محفوظ انداز میں اسکول سے آنے جانے کے لیے نقل و حمل کی اضافی سہولیات درکار ہو سکتی ہیں۔ ان میں ذیل شامل ہو سکتی ہیں: 1:1 معاون پیشہ وران (کے ہمراہ) نقل و حمل، طبی / نرسنگ خدمات، سفر کے وقت کی حدود، فضا پر قابو، تحفظ کی واسکِٹیں، اور کار سیٹس۔
- جن خاندانوں کا ماننا ہے کہ ان کے بچے کو اسکول کے لیے سفر کے دوران ان کی معذوری کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے سڑک کے کنارے سے بس کی خدمات اور / یا نقل و حمل کی سہولیات کی ضرورت ہے تو ان کو ان کے اسکول یا CSE پر مبنی IEP ٹیم سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

NYC Public Schools

## عارضی رہائش گاہ میں یا عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں رہنے والے طلباء

- عارضی رہائش گاہ اور فوسٹر کیئر میں رہنے والے طلباء جو اپنے اسکول سے 0.5 میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہیں اور گریڈ K-6 میں ہیں، یا گریڈ 7 یا 8 میں ہیں اور ان کے پاس IEP ہے،وہ اپنے اسکول تک بس خدمات کے لیے اہل ہیں۔ بس کی خدمات کی درخواست کرنے کے لیے استثنیٰ فارم ذیل طلباء کے لیے مکمل کرنا لازمی ہے:
  - فوسٹر کئیر
  - پری اسکول (عارضی رہائش گاہ اور عارضی نگہداشت میں رہائش پذیر)
- HRA-DV پناہ گاہیں
- HERRC پناہ گاہیں
  - ہاؤس پریزرویشن اینڈ ڈولپمنٹ (HPD) پناہ گاہیں
  - عارضی ڈبل آپ صورتِ حال
  - دیگر عارضی رہائش، یعنی کار، پارک، طلباء کو عارضی سے مستقل رہائش گاہ میں منتقل کرنا
- محکمہ برائے بے گھر خدمات (Department of Homeless Services) (DHS) کی پناہ گاہوں میں رہنے والے خاندانوں/طلباء کو ایسے طلباء کے لیے استثنیٰ فارم بھرنے کی ضرورت نہیں جو اپنے اسکول سے 0.5 میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہیں اور گریڈ K-6 میں ہیں، یا گریڈ 7 یا 8 میں ہیں اور ان کے پاس IEP ہے۔
- جن طلباء کے IEPs میں بس خدمات کی سفارش کی گئی ہے، ان کی نقل و حمل شروع کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔ (استثنیٰ فارم مکمل نہ کریں)۔.
- عارضی رہائش یا فوسٹر کیئر میں 3K سے گریڈ 12 تک کے طلباء کے والدین/سرپرستوں کے لیے میٹرو کارڈز درخواست کرنے پر دستیاب ہیں تاکہ وہ اپنے بچے کے ساتھ اسکول آنے اور جانے میں ان کی مدد کر سکیں، جنھیں بس خدمات نہیں ملی یا ابھی منظوری کے مراحل میں ہے۔
- میٹرو کارڈ کی درخواست کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔
- پتے کی تجدید:
- اپنے پتے یا رہائش کے انتظام میں کسی بھی تبدیلیوں سے اپنے اسکول کو فوراً آگاہ کریں۔
- عارضی رہائش میں رہنے والے طلباء کے خاندان اپنی پناہ گاہ کے عملے یا DOE کے علاقائی منیجر سے بات کر سکتے ہیں جو آپ کو آپ کے بچے کے اسکول سے رابطہ کروانے اور نقل و حمل کے انتظامات کو سمجھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اس عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلباء کے صفحے پر جائیں۔
- فوسٹر کیئر میں رہنے والے طلباء کے اہلِ خانہ اپنے بچے کے اسکول یا فوسٹر کیئر رابطہ کار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ معلومات اور رابطے کے لیے، براہ کرم فوسٹر کیئر میں طلباء کے صفحے پر جائیں۔

- **تیاری**

- یہ یقینی بنانا کہ آپ کے اسکول کے پاس ہنگامی صورتحال میں رابطہ کی تمام معلومات تازہ ترین ہیں۔
- اپنے پتے یا رہائش کے انتظام میں کسی بھی تبدیلی سے اپنے اسکول کو فوراً آگاہ کریں۔
- اپنے بس اسٹاپ سے آگاہ رہیں اور لے جانے کے لیے دیے گئے وقت سے چند منٹ پہلے پہنچیں۔ توجہ کریں کہ بس چند منٹوں سے زیادہ وقت انتظار نہیں کرے گی اور اس کے لیے بس کا روٹ جاری رکھنا لازمی ہے۔

## معاونت

- اپنے اسکول سے رابطہ کریں (اپنے اسکول سے متعلق معلومات کو ذیل پر تلاش کریں *schools.nyc.gov/find-a-school*)
- سپورٹ حب (SupportHub) پر جائیں: https://supporthub.schools.nyc/family-topics
- ہنگامی صورت میں اطلاع وصول کرنے کے لیے اس کے ذریعے سبسکرائب کریںNotify NYC mobile app
- ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/transportation

- عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلباء کے لیے علاقائی مینیجر سے ذیل پر رابطہ کریں schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-temporary-housing
- فوسٹر کیئر میں طلباء کے لیے فوسٹر کیئر کے رابطہ کار سے ذیل پر رابطہ کریں schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-foster-care

## مشکلات کا ازالہ

ذیل پر SupportHub پر جائیں https://supporthub.schools.nyc/ اور "نقل و حمل" ("Transportation") پر کلک کریں۔

## اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں جب

- آپ کی اسکول بس مسلسل تاخیر سے آئے یا مسلسل نہ آئے۔
- آپ کو اپنے بچے کی موجودہ اسکول بس سے مسائل درپیش ہیں۔
- آپ اسکول بس کے عملے کے کسی رکن کے خلاف شکایت دائر کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ اپنے بچے کے بس کے روٹ کی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؛ یہ معلومات نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) پر بھی موجود ہیں۔ https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/nyc-schools-account.
- آپ اپنے بچے کے لیے بس کی خدمات کی درخواست کرنا چاہتے ہیں یا اپنے بچے کی بس کی موجودہ خدمات میں کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ کا طالبِ علم OMNY کارڈز کے بارے میں کوئی سوال ہے
- آپ کو سہولیات میں مدد کی ضرورت ہے
- آپ کے بچے کو ایک معذوری لاحق ہے اور آپ ان کے IEP یا 504 منصوبہ پر بس کی خدمات کا انتظام کرنا چاہتے ہیں۔

## بس کی کمپنی سے رابطہ کریں جب

- آپ کے بچے کی اسکول بس تاخیر سے آئے۔
- آپ کے بچے کی اسکول بس آج نہیں آئی۔
- آپ اپنے بچے کے لے جانے اور / یا چھوڑے جانے کے اوقات کے متعلق غیر یقینی ہوں۔

## OPT (دفتر برائے ذرائع نقل و حمل) سے رابطہ کریں جب

- آپ کسی بس کمپنی کے خلاف شکایت درج کروانا چاہتے ہیں۔
- آپ کسی اسکول بس کے بارے میں تحفظ کے حوالے سے تشویش کو رپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ کو اسکول بس کے لیے کسی ہنگامی صورتحال میں مدد کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی اسکول بس کے ساتھ پیش آنے والے حادثے کی رپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔

## حقوق

- طلباء اور ان کے اہل خانہ کے نقل و حمل کے حقوق ذیل پر دستیاب ہیں schools.nyc.gov/transportation-rights.

## گرمیوں کا اسکول

- طلبا گرمیوں میں اسکول بس کی خدمات کے اہل ہو سکتے ہیں؛ گرمیوں کے اسکول کے ذیل صفحے پر جائیں https://www.schools.nyc.gov/enrollment/summer.

## موسمیاتی ہنگامی حالات

- ہمارے موسم کی خرابی کی صورت میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کا طریقہ کار، جو NYPD، فائر ڈیپارٹمنٹ، اور NYC ایمرجنسی مینجمنٹ کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے، schools.nyc.gov/transportation پر دستیاب ہے۔

## نقل و حمل کی یاد دہانی

- **رجسٹر کروائیں:** اپنے بلامعاوضہ نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے لیے سائن آپ کریں تاکہ حقیقی وقت میں بس کی معلومات اور خدمات میں تبدیلیوں کو دیکھ سکیں۔ schools.nyc.gov/learning/in-our-classrooms/nyc-schools-account.
- **ہمیں باخبر رکھیں:** اپنے پتے یا رابطے کی معلومات میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر اپنے اسکول اور بس ڈرائیور کو مطلع کریں۔
- **اپنی بس ٹیم سے ملاقات کریں:** اپنے بس ڈرائیور اور معاون سے واقفیت حاصل کریں، اور یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس اپنی بس کمپنی کا فون نمبر ہے۔
  - اسکول جانے کی عمر کے بچوں کے لیے بس کمپنیاں: schools.nyc.gov/school-life/transportation/bus-companies-for-school-age-children
  - پری کنڈرگارٹن اور ابتدائی خدمات بس کمپنیاں: schools.nyc.gov/school-life/transportation/pre-k-and-early-intervention-bus-companies
- **احتیاط کرنا جاری رکھیں:** اپنے بچے کے ساتھ محفوظ سفر کے نکات کا جائزہ لیں جو schools.nyc.gov/safe-travel-tips پر دستیاب ہیں۔

## سوالات ہیں یا مدد درکار ہے؟

اگر آپ کے سوالات کا جواب آپ کے اسکول کے نقل و حمل رابطہ کار یا بس کمپنی سے نہیں ملتا، تو schools.nyc.gov/transportation پر جائیں یا OPT کی کسٹمر سروس لائن 718-392-8855 پر رابطہ کریں۔

ہنگامی صورتحال جیسے کہ بس لاپتہ ہو جائے یا کوئی حادثہ پیش آ جائے تو OPT کی کسٹمر سروس لائن 718-392-8855 پر رابطہ کریں۔